بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# کیا حائضہ مسجد کے صحن میں بیٹھ سکتی ہے؟

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرت جی! أدام الله بركاتك علينا۔ ایک مسئلہ پوچھنا ہے کہ حائضہ عورت حرمین شریفین اور دیگر مساجد کے صحن میں بیٹھ سکتی ہے یا نہیں؟

**سائلہ:** ام سعید

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مسجد میں حائضہ کا داخلہ ممنوع ہے، چاہے مسجد کا ہال ہو یا اس کا صحن، عورت کے لیے کسی جگہ بیٹھنا بھی جائز نہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

وَجِّهُوا هٰذِهِ الْبُيُوتَ عَنِ الْمَسْجِدِ فَإِنِّي لَا أُحِلُّ الْمَسْجِدَ لِحَائِضٍ وَلَا جُنُبٍ.

(سنن ابی داؤد: رقم الحدیث 232)

ترجمہ: اپنے گھروں (کے دروازوں) کا رخ مسجد سے پھیر دو! کیونکہ میں مسجد کو کسی حائضہ یا جنبی شخص کے لیے حلال قرار نہیں دیتا۔

ابتداء میں بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے گھروں کا دروازہ مسجد میں کھلتا تھا۔ ظاہر ہے کہ اگر کوئی جنبی ہوتا یا کوئی عورت حیض کی حالت میں ہوتی اور اسے گھر سے باہر جانے کی حاجت ہوتی تو اسے مسجد کے صحن سے ہی گزرنا پڑتا۔ بعد میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھروں کے دروازوں کا رخ مسجد سے پھیرنے کا حکم دیا کیونکہ اب حائضہ اور جنبی کا داخلہ مسجد میں ممنوع قرار دیا جا چکا تھا۔

**واللہ اعلم بالصواب**



**3-اپریل 2021ء**